Volume V
No. 5

SP. V-5-74 (E)
300

# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

# OFFICIAL REPORT

Friday, November 22, 1974

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Leave of Absence ... ... ... ... ... | 67 |
| Adjournment Motion *Re* : Non-availability of mobil Oil - *Ruled out* ... ... ... ... ... | 67 |
| Adjournment Motion *Re:* Ban on the entry of Maulana Abdul Bari in Baluchistan — *Ruled out* ... ... ... ... | 70 |
| Adjournment Motion *Re* : Negligence of Railway Administration— *Ruled out* ... ... ... ... ... | 70 |
| Adjournment Motion *Re* : Non-supply of water in Patfeeder Canal— *Ruled out* ... ... ... ... ... | 73 |
| Motion *Re:* Appointment of Special Committee to draft Senate Rules of Procedure- *Deferred* ... ... ... ... ... | 78 |
| Motion *Re:* Situation arising out of rampant corruption and inefficiency in WAPDA- *Talked out* ... ... ... | 79 |

PRINTED BY THE SHAHAB ART PRINTERS LIMITED, KARACHI
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS. KARACHI
*Price* : *Paisa* 50

# SENATE OF PAKISTAN

**Friday November 22, 1974**

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (Stae Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran).

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman** : Now we take up leave applications by Some Senators. First is the Telegram from Sardar Ghulam Mohammad Khan Mahar. This reads :-

"BROTHERS OPERATION KARACHI KINDLY GRANT 10 DAYS LEAVE"

Should the leave be granted ?

(The leave was granted)

**Mr. Chairman** : So the leave is granted. Now, this application is from Mr. Arif Iftikhar. It reads :-

"I am sorry to inform you that Iam down with malaria andinfluenza since Friday, the 15th Instant. I hope to be up about within a fortnight, when I shall be able to attend the Senate Session. In the meanwhile I am making this formal application for leave for your kind consideration."

Should the leave be granted?

(The leave was granted)

**Mr. Chairman** : So the leave is granted. Now, this is the last application. It is from Mir Mahmood Aziz Kurd and reads :-

"That the undersigned is a Member of the Senate of Pakistan and has been detained by the local authorities since August, 1973, and is now in District Jail, Quetta. On account of this legal disability the undersigned is not in a position to attend sessions of the Senate scheduled to commence from 18.11.1974"

Should the leave be granted to him?

(The leave was granted)

**Mr. Chairman** : So the leave is granted. Now, we take up adjournment motion. It is adjournment motion No.7 that stands in the name of Khawaja Mohammad Safdar.

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* NON-AVAILABILITY OF MOBIL OIL

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg leave of the Senate to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely :-

The Petroleum Companies throughout the country have withheld fresh supplies of Motor Oil to the Retailers. In Lahore, Mobil Oil is not available at any Petrol Pump. The failure of the Federal Government to dissuade the Petroleum Companies from imposing Motor Oil freeze has sent a wave of resentment amongst the public of Pakistan.

**Malik Mohammad Akhtar :** Mr. Chairman, it is opposed on technical grounds and I need not repeat the lengthy ruling which I quoted yesterday that it is not of urgent public importance, moreover according to my best information and personal experience shortage of oil doesn't exist in Lahore now. As such the matter has lost the urgency.

خواجہ محمد صفدر: جہاں تک موٹر سپرٹ کی کمیابی کا تعلق ہے، میرے پاس پاکستان ٹائمز کا ۱۴ تاریخ کا پرچہ ہے، جس سے میں نے یہ تحریک التواء اخذ کی تھی۔ ۱۴ نومبر اور آج میں کچھ زیادہ دن نہیں گزرے۔ میں نہیں سمجھتا کہ پاکستان ٹائمز نے اگر یہ اتنا اہم معاملہ نہیں تھا تو اسے پہلے صفحے پر موٹے الفاظ میں موٹی سرخیوں کے ساتھ کیوں شائع کیا؟ میں نہیں جانتا کہ محترم وزیر مملکت برائے قانون کے کیا ذرائع ہیں۔ جن کے ذریعے انہوں نے یہ معلوم کیا ہے کہ اب قلت نہیں ہے۔ لہذا اس سے ایک نتیجہ تو اخذ کیا جا سکتا ہے کہ قلت تھی۔ اس لئے اگر یہ قلت تھی تو کیوں پیدا ہوئی۔ اس کی کیا وجوہات تھیں۔ اور کیا اس قلت کے اسباب کو دور کرنے کے لئے حکومت نے ضروری اقدامات کئے ہیں۔ ان کے متلعق محترم وزیر مملکت برائے قانون نے اس ایوان کو مطلع نہیں فرمایا۔ جہاں تک اس مسئلہ کی ارجنسی کا تعلق ہے تو یہ قلت واقعی پیدا ہوئی تھی اور ان کے کہنے کے مطابق اب نہیں ہے۔ اس سے اس مسئلے کی اہمیت اور فوری نوعیت ختم نہیں ہوتی۔ جہاں تک ان کا دوسرا اعتراض ہے۔ آخر وزیر محترم نے بھی یہ اخبار دیکھا ہے۔ اور میں اس تحریک کے ذریعہ ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ موٹر آئلز کمپنیز کے درمیان اور حکومت کے درمیان ایکسائز ڈیوٹی کے متعلق بات چیت چل رہی ہے اور یہ آئلز کمپنیاں چاہتی ہیں کہ اور بات چیت کے نتیجہ تک وہ اپنی پیداوار کو عوام کے ہاتھ موجودہ نرخوں پر اپنی پیداوار فروخت نہ کریں بلکہ زیادہ منافع کی امید میں اپنی پیداوار کو روکے رکھیں۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, on a point of order. Sir, I have already raised two objections. Firstly, it is not a matter of urgent public importance. Secondly, if at all there was any shortage that shortage has been removed by now. I have been going to Lahore and I would like to state that shortage was removed, and I made this statement with authority, the matter has lost urgency, Sir, either the honourable Senator should claim that the shortage is there and he has got something to support his argument then it is a different matter. But I would say it is not urgent and secondly, it has lost the urgency because the shortage has been removed.

خواجہ محمد صفدر: دونوں باتیں ایک ہی ہیں - کہ یہ تحریک ارجنٹ نہیں ہے۔ میرے نزدیک یہ مسئلہ بہت ارجنٹ ہے اور اس قابل ہے کہ کہ ایوان اس مسئلے کی جانب توجہ دے - میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا -

جناب چیئرمین: میں کیا کہوں -

I have to choose between the newspaper and the Minister's denial.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir, of course.

**Mr. Chairman :** He says from my personal experience......

**Mr. Nimatullah Khan :** I am on a point of information, Sir.

**Mr. Chairman :** Point of personal explanation or information?

**Mr. Nimatullah Khan :** Point of information, Sir. The rates of motor oil have since been increased and there is no shortage.

**Mr. Chairman :** Pardon?

**Mr. Nimatullah Khan :** The rates of mobil oil have been increased and there will be no shortage. The decision has been made. I understand this from my own sources.

خواجہ محمد صفدر: اگر ان کی اطلاع درست ہے تو مجھے ایک اور تحریک التوا لانی پڑے گی کہ تیل کی قیمت کیوں زیادہ ہوئی ہے -

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib, please listen to me. You rely on a Paper, 'The Pakistan Times' dated 14th or of some day. Now, there are two honourable Members of the Senate, one is the Minister of State and the other gentleman is running petrol pumps. I inform you. So, both of them from their personal experience, claim otherwise you must remember ......

خواجہ محمد صفدر: میں دونوں کی اطلاع کو جھٹلا نہیں رہا -

**Mr. Chairman :** The Minister of State has cateaorically stated that he knows from his personal experience that there is no shortage of oil and Haji Sahib, who is running petrol pumps, not one two or three, but a large number of petrol pumps, also says not on oath but, of course, I think solemnly that there is no shortage. Now, how can I disbelieve two honourable Members of this House and believe only something published in the Paper.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Quite right . I also support them.

**Mr. Chairman :** So, on this ground that you have not substantiated your allegations if I accept this version and I am bound to accept their version, you have failed to substantiate the allegations, therefore, it is ruled out of order.

Yes, this is adjournment motion No.8. This is also in your name Khawaja Sahib.

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* BAN ON THE ENTRY OF MAULANA ABDUL BARI IN BALUCHISTAN

**Khawnja Mohammad Safdar :** Sir, I beg leave of the Senate to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, as reported in the Nawa-i-Waqt dated 28.9.74 the entry of Maulana Abdul Bari, Amir Jamaat-e-Islami, Azad Kashmir in Baluchistan was banned. This order is a flagrant negation of the fundamental rights and the public of Pakistan is much perturbed over it.

**Malik Mohammad Akhtar :** Opposed Sir. According to my brief, and it is an authenticated one, Maulana Abul Bari has filed a writ petition against his orders of externment in Lahore High Court on Ist October, 1974 vide Writ Petition No, 1843 of 1974 and the matter is still sub-judice in accordance with of Rule 71 sub-clause (1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1973. So, sir, I need not read the whole .-

**Mr. Chairman :** No need.

**Malik Mohammad Akhtar :** If there is controversial part of it regarding some jurisdiction which I do not want to commit at this stage however the matter is sub judice and it may be ruled out of order.

**Mr. Chairman :** I hope it is not pressed in view of the matter being sub-judice.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It is not pressed, Sir.

**Mr. Chairman :** Ruled out of order on the ground that thematter is sub-judice.

This is adjournment motion No.9. This is in the name of Mr. Zamurrud Husain.

## ADJOURNMENT MOTION *RE :* NEGLIGENCE OF RAILWAY ADMINISTRATION

**Mr. Zamurrud Husain :** Sir, I beg leave of the house to move a notice of adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of public importance and of recent occurrence, namely : a news-item appeared in daily Zamana, Quetta, dated the 7th November, 1974, that due to negligence of Railway Administration an accident between a goods train and a truck took place at a railway crossing at 12 miles from Quetta between Soezand and Quetta in which one person was killed and five were wounded and the truck was destroyed.

This accident caused a great disappointment amongst the public.

**Malik Mohammad Akhtar :** It is opposed, sir. Although it is a sad incident and we had a collision between the railway and the truck but the matter ......

**Mr. Chairman :** No, no. Collision not between the railway and the truck but between the train and the truck.

**Malik Mohammad Akhtar :** Between the railway begey and the truck, sir.

**Mr. Chairman :** Because the Railway will also implicate the Railway Minister.

(laughter)

**Malik Mohammad Akhtar :** No, sir. He is here and there is no collision. Sir, I consider that this accident, though a sad one, is not of urgent public importance and I will again press instead of repeatedly quoting the rulings and requesting my honourable friend that the matter is not of urgent public importance so that the precedence may be given and the entire agenda and legislation be left over and we take it up for discussion that there was any negligence. This is an accident, a sad accident, but not of the importance to the extent that this must have precedence on the other business.

**Mr. Chairman :** It is not important to the extent ? How it could have been important otherwise? If two, three or four persons had been killed it would have been important.

**Malik Mohammad Akhtar :** No, sir, accidents and incidents too happen...

**Mr. Chairman :** No, no. His allegation is about the negligence of the Railway Administration. The collision between the train and the truck at the level crossing was due to the negligence. That is the crux of the matter.

**Malik Mohammad Akhtar :** Negligence can be explained by the Railway Minister and he is prepared for that.

**Mr. Chairman :** Yes.

**Mian Mohammad Ataullah :** Sir, we are all very sorry on this accident and I want to assure the House through you that the Government is fully aware of the situation. This is not only the first accident which has recently taken place at the level crossing.

**Mr. Chairman :** You mean to say that it has become a routine.

(Laughter)

**Mian Mohammad Ataullah :** No, sir. I want just to assure the House and tell them what steps we are taking. I am sure that the hon'ble Senator will not like to press his motion because we are removing the faults which we find there in the system. We are putting a new alarm system at the Railway crossings. The signal system is also being improved and I want to assure the House, through you sir, that an inquiry is being made into this incident. Railway driver and the truck driver have both been arrested because it was stated that probably two miles from the railway crossing the light of the train went off and the man posted at the railway crossing could not see the train. This was the version given by the truck driver. But I can assure the House, through you sir, that an inquiry is being made and the case is going to be put up to the court and those responsible for negligence will be punished. Steps are also being taken to avoid any such accident. I want to once again assure the House, through you sir, that we are looking into the situation so that these things do not happen again, and on this request I would like to request the hon'ble Senator, through you sir, that he should not press his adjournment motion.

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib, this is his trial ball. You don't disappoint him in view of his assurance.

خواجہ محمد صفدر: یہ میری تحریک نہیں ہے جناب - البتہ میں زمرد حسین صاحب سے درخواست کر سکتا ہوں کہ یہ rial ball ہے -

**Mr. Chairman :** In view of his assurance, I think, you would not press this motion.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Sir, you are really converting Khawaja Sahib into paterfamilias. This is not fair.

**Mr. Chairman :** But there is difference between two. One is speaking through the other's mouth and I know that.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada:** We will have to add weight to him so that he really becomes paterfamiliars.

(laughter)

**Mr. Chairman :** Yes. We know that he is the mastermind. Everything is masterminded by him.

**Ms. Abdul Hafeez Pirzada :** You mean master-underminded.

**Mr. Chairman :** Yes

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! بات سسٹم کی نہ تھی - انہوں نے کہا ہے کہ ہم سسٹم درست کر رہے ہیں - بات تو ریلوے کی نا اہلی کی تھی کہ وہاں ریلوے کا پھاٹک تھا - ٹرین آگئی اور اس پھاٹک کو بند نہ کیا گیا- سوال یہ ہے کہ انسانی جانیں ضائع ہوئیں - لوگ مر گئے - پراپرٹی کا نقصان ہوا - صرف یہ کہہ کر کہ ہم سسٹم کو درست کر رہے ہیں مثلہ حل نہیں کیا جاسکتا - وہاں کوئی سسٹم نہیں - یہ صرف ریلوے ایڈمنسٹریشن کی نا اہلی ہے -

جناب چیئرمین: آپ نے شائد میاں صاحب ، وزیر ریلوے ، کو پورا نہیں سنا - میں نہیں کہتا کہ آپ نے سنا نہیں یا آپ سوئے ہوئے تھے - انہوں نے کہا ہے کہ جس کسی کی بھی غلطی پائی گئی اسے سزا دی جائے گی- یہ آپ نے ان الفاظ پر چھلانگ کیوں ماری -

جناب زمرد حسین: جناب! مجھے یقین ہے کہ یہ سزا تو کسی چوکیدار ہی کو دیں گے - میں چاہتا ہوں کہ ریلوے منسٹر صاحب کو سزا دی جائے اب ایک چوکیدار کو سزا دے دینا اور ایک اس کو سزا دینا تو کوئی بات نہیں ہے -

جناب چیئرمین: آپ Prefect نہ کریں - ممکن ہے ٹرین ڈرائیور کی غلطی ہو - ممکن ہے گارڈ کی غلطی ہو - ممکن ہے ٹرک والے کی غلطی ہو - اب کیا پتہ ہے ؟

جناب زمرد حسین: جناب والا! میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اخبار میں یہ بڑا واضع لکھا ہوا ہے -

جناب چیئرمین: نہیں نہیں ہمیں بھی پتہ ہے کہ وہ کیسے واضح لکھ دیا کرتے ہیں - اگر وہ لکھیں نہیں تو آپ تحریک التواء کیسے لائیں - وہ تو آپ کے لیے ایک لقمہ ہوتا ہے

جناب زمرد حسین: جناب! میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے میں خود acciednt دیکھنے گیا ہوں- وہاں انہوں نے ریلوے پھاٹک بند نہیں کیا تھا- آپ بتائیے کہ یہ نا اہلی کی انتہا ہے -

جناب چیئرمین: مگر انہوں نے آپ کو کہہ دیا ہے کہ اگر اسکی غلطی ہے پھاٹک والے کی جو چوکیدار ہے - تو اس کو سزاء دیں گے -

جناب زمرد حسین: نہیں صاحب جب تک منسٹر صاحب کو سزا نہیں دیں گے بات نہیں بنے گی - چوکیداروں کو تو ہمیشہ سزا دی جاتی رہتی ہے - بہرحال ان کی Assurance پر میں اس تحریک التواء کو Press نہیں کرتا ہوں -

**Mr. Chairman** : Thank you very much. Not pressed. Adjournment Motion No. 10 is also in your name, Mr. Zamarrud Hussain.

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* NON-SUPPLY OF WATER IN PATFEEDER CANAL

**Mr. Zamarrud Hussain** : Sir, I beg leave of the house to move a notice of adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of public importance and of recent occurrance, namely, a news item appeared in daily Zamana, Quetta, dated the 13th November, 1974, that crops of lacks of rupees in Patfeeder Area have been destroyed due to non-supply of water in Patfeeder Canal.

The Federal Government has failed to ensure adequate and sufficient supply of Water in Patfeder Canal.

This situation has caused great disappointment amongst the public."

میر تاج محمد خان جمالی: جناب چیئرمین! یہ ایک حقیقت ہے کہ پٹ فیڈر کا فصل جو ہے وہ تباہ ہوگیا ہے - لیکن اس میں نہ مرکزی حکومت کا قصور ہے نہ کسی اور کا قصور ہے اتفاق سے دریاؤں میں پانی کی کمی کی وجہ سے جو کہ ایک قدرتی بات ہے - اس وجہ سے یہ فصل کا نقصان ہواہے اور اس میں adjournment motion move کرنے کی کوئی ضرورت

نہیں تھی کیونکہ یہ صوبائی مسئلہ تھا اور میں یہ بھی بتا دوں کہ نہ
"زمانہ" کے اخبار والوں نے کبھی پٹ فیڈر دیکھا ہے اور نہ شاید سینیٹر
زمرد حسین نے کبھی پٹ فیڈر دیکھا ہے - میں وہاں کا باشندہ ہوں - ہم نے
یہ مسئلہ خود کھڑا کیا ہوا ہے مرکزی حکومت سے بھی اور صوبائی حکومت
سے بھی - لیکن یہ اتفاق ہے کہ دریاؤں میں پانی کی کمی کی وجہ سے اس
علاقے کا فصل وغیرہ سوکھ گیا ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے
میں adjournment motion move کرنے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Sir, I would like to add something because I have often to have to deal with this problem in the Inter-Provincial meetings as Minister for Provincial Coordination. I would like to inform the Honourable Senate that as compared to last year when there were devastating floods in the country, this year the virgin flow of River Indus and its tributaries from the Punjab has been the lowest in its history of the last 90 years. It is 30% to 40% below the lowest mean flow ever recorded. This is the situation and, I think, it is a creditable thing, Sir, that in these circumstances the Provinces have put their heads together and agreed to sharethe shortagesin such a manner that the National economy has suffered the least. If this coordinated effort had not been made and we had not spread the shortages thin all over, there would have been a real crisis in come parts of the country. So, by putting our heads together and by sharing the shortages, we have come out of the worst of the crisis that could have hit the country. Therefore, it is not the failure of the Federal Government. If an adjournment is to be moved. I would request the Senator to move it with Almighty Allah'

**Mr. Chairman :** What is your position? Is it a inter-provincial matter to ensure the supply of water ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Yes. This an inter-provincial matter because, you see, that in the Constitution water, electricity, and gas etc are some of the matters which have been specifically referred in Articles 155,157 and 159 of the Constitution. If the course of water-supply is inteferred with, then that matter can be brought in the inter-provincial meeting. We have realy averted a major disaster, a major crisis although the crops were going to be damaged. There has been a 15% to 20% shortage of water but it has been spread all over. If we had not spreadover then in some parts the shortage would have been 80% to 90% and there would have been no cash crops whatsoever, So, we have really averted a disaster.

**Mr. Chairman :** Mr. Zamarrud Hussain how will you satisfy the House that you have substantiated your allegation, your complaint that the shortage of water is due to the failure of the Federal Government. That is the gist, the burden. So what do you say to this that it is the Federal Government who is primarily responsible to ensure sufficiency of water-supply?

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! میں اس سلسلے میں آپ سے
گزارش کرونگا کہ میں جناب یہ ایک بین الصوبائی مسئلہ ہے اور یہ تنازعہ
پنجاب ، سندھ ، سرحد اور بلوچستان میں بڑے طویل عرصے سے چل رہا ہے -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Point of order, Sir. It becomes an inter-provincial matter and the responsibility of the Federal Government when there is a dispute between the two provinces. There has been no dispute so far.

**Mr. Chairman :** The question is not of dispute between the provinces. The question is of shortage of water.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** And I would inform him that we have got about half a dozen of barrages between Tarbela and the Arabian Sea. Today the total discharge of River Indus is 18,500 cusecs which is not sufficient to meet the requirements of half the barrages.

جناب زمرد حسین: جناب! میں یہ گزارش کر رہا تھا ، یا تو محترم وزیر صاحب اس کا بتا دیں کہ آیا پانی کی تقسیم کا جو تنازعہ چل رہا تھا -

جناب چیئرمین: اس کا کیا تعلق ہے تحریک التواء سے؟ میں سمجھتا ہوں کہ پانی کی تقسیم کا جو معاملہ ہے اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں -

جناب زمرد حسین: بالکل اس کا تعلق ہے اس لئے کہ پانی کی تقسیم کا معاملہ طے نہیں ہوا - سندھ کو پانی زیادہ چلا گیا ہے اور بلوچستان کو پانی نہیں ملا -

جناب چیئرمین: دیکھئے ناں - آپ نے adjounment motion میں صرف اتنا کہا ہے کہ کھیتوں کو پانی وقت پر نہیں مل سکا - تمام فصل خراب ہوگئے ہیں بڑا نقصان ہوا ہے - یہ فیڈرل گورنمنٹ کی نالائقی سمجھئے - غلطی سمجھئے سستی سمجھئے - انہوں نے اس کا جواب دیا ہے وہ آپ نے بھی سن لیا ہے - تمام ممبران نے سن لیا میں آپ سے یہ کہتا ہوں کہ آپ نے یہ بات کیسے ثابت کرلی کہ یہ جو پانی کی irrigation water کی کمی ہے یہ واقعی فیڈرل گورنمنٹ کی غلطی ہے اور اس کی وجہ سے یہ ہوا ہے - انہوں نے کہا ہے کہ نہیں ہماری کوئی غلطی نہیں یہ تو ایسے قدرتی واقعات رونما ہوتے ہیں- کہ ہوگیا اور اگر ان کو کوئی شکایت ہے تو پھر Provincial Assembly میں جاکر اپنی یہ تحریک التواء پیش کریں - اگر اُن کی کوئی غلطی ہے ہماری تو کوئی نہیں -

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! قدرتی آفات پر تو نہ میرا ہاتھ پہنوچتا ہے اور نہ ان کا - وہ تو اپنی جگہ مسئلہ ہے مگر میری Adjornment motion صرف اس بات پر base کرتی ہے کہ بلوچستان کو اس کا جو پانی کا due share ہے وہ نہیں ملتا -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** That is incorrect.

**Mr. Chairman :** But that is not your complaint. This is irrespective of the fact whether it is correct or not. That is not your complaint that you are not getting your due share of water.

آپ بل پیش نہیں کر رہے ہیں آپ resolution پیش نہیں کر رہے ہیں -

You should confine yourself to the material points which you have raised in your adjournment motion.

وہ نکتہ آپ کا یہ ہے کہ پانی کی کمی ہے یہ فیڈرل گورنمنٹ کی غلطی ہے ہمیں پانی نہیں ملا - اور فصلیں تباہ ہوگئیں ہیں

جناب زمرد حسین: میں جناب اسی طرف آتا ہوں - کہ پانی کی کمی فیڈرل گورنمنٹ کی غلطی کی وجہ سے ہوئی ہے اس وقت irrigation کے لئے سنٹرل گورنمنٹ کوئی تسلی بخش انتظام نہیں کرسکی - اور بلوچستان کو پانی نہیں مل سکا - تا کہ وہاں زیادہ پیداوار ہو -

جناب چیئرمین: یہ تو پرانی بات ہے - یہ recent نہیں ہے - اگر سندھ یا بلوچستان کو ان کا پورا share یا جو ان کا حق ہے یہ ان کو نہیں ملتا آپ کے قول کے مطابق تو یہ تو recent واقعہ نہیں - یہ تو پرانا ہے -

If you say that you are not getting your due share of the water because of the failure of the Federal Government, then it is not a matter of recent occurrance. You cannot run away from it. If you attribute it to the share of water allocated by the Federal Government to the previnces, then it is not of recent occurrence.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Sir, I want to say something.

**Mr. Chairman :** Yes. Mr. Zamarrud Hussain, you may be satisfied by that.

جناب زمرد حسین: اس سے فصلیں تباہ ہوگئی ہیں -

جناب عبدالحفیظ پیر زادہ: جناب والا! میں عرض کرتا ہوں -

جناب چیئرمین: اب اور بھی سن لیں - ممکن ہے آپ کی اس سے تسلی ہو جائے -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** May I inform him, and I will say just two sentences which will satisfy him if he knows anything about the distribution of water. As the Minister of State has said that he has neither visited Patfeeder ......

**Mr. Zamarrud Hussain :** Point of personal explanation, Sir.

میں نے اس کا ذکر نہیں کیا- میں کوئی تلخی پیدا نہیں کرنا چاہتا- میں محترم وزیر صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں پٹ فیڈر کے ایریا میں سے دو مہینے کے عرصے میں چار دفعہ گزرا ہوں -

**Mr. Chairman :** That was only by way you see.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Now, I will just inform him what irrigation system is. Sir, water comes to Sind and Baluchistan if it is surplus and let off

down stream of Taunsa because between Taunsa and the borders of Baluchistan there is no other barrage. So water of Indus comes, whatever may come below Taunsa it comes to Sind and Baluchistan. There are three barrages, Sukkur barrage, Kotri barrage and Guddu barrage. According to the established users all these barrages are in the Province of Sind. Two of these barrages are supplying water to Baluchistan not just one, Sukkur barrage as well as Guddu barrage, because they get water from north western canal of Sukkur barrage and they get water from Patfeeder canal both of which are in the Province of Sind. The first claim on the water that comes below Taunsa is of Sukkur barrage and if the water is not sufficient to meet the requirements of Sukkur barrage, Patfeeder canal does-not get any water. The water that was going to Sukkur barrage was not sufficient to meet its requirements notwithstanding that the Sukkur and Kotri barrages were definitely and deliberately out to flow water into patfeeder canal. This the position. If the water allocation had been adhered to not a single drop of water have flown to patfeeder canal and water ever crops you see there they would not have been there. So without knowning the facts let us not make wild allegations. When I told them that the Provinces put their heads together, some have sacrificed and some have not, and they have been spraying thin the shortages so that some crops have come out, he should believe this statement.

**Mr. Muhammad Hashim Ghilzai :** Sir, I would like to say some words.

مسئلہ زیر بحث یہ ہے کہ پانی کی کمی واقع ہوئی ہے اور اس سے فصلوں کو نقصان پہنچ رہا ہے - ہم یہ کہتے ہیں کہ جو پانی کی کمی پیدا ہوئی ہے وہ قدرتی طور پر نہیں ہوئی بلکہ موجودہ حکومت کی نا اہلی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے وہ کیسے-؟ یہ میں آپ کو بتاتا ہوں، جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ سندھ کا فیصلہ ہوا تھا تو تین دریا پاکستان میں آئے اور تین دریا انڈیا لے گیا - ان تین دریاؤں کا پانی حکومت توبیلا ڈیم میں جمع کر رہی تھی- تربیلا ڈیم میں پانی جمع کرنے کا مقصد یہ تھا کہ تمام صوبوں کو پانی برابر تقسیم کیا جائے- تربیلا ڈیم میں گذشتہ تین چار مہینوں میں زیادہ پانی جمع کرنے کی وجہ سے ، تربیلا ڈیم میں خرابی کی وجہ سے ، ٹنلز کے نقصان کی وجہ سے جو پانی چھوڑا گیا ہے وہ پانی اگر ذخیرہ میں موجود ہوتا تو پانی میں کمی واقع نہ ہوتی - اس کمی کی وجہ یہ ہے کہ موجودہ حکومت کی نا اہلی کی وجہ سے تربیلا ڈیم صحیح طور پر نہیں بنا ہے- اسپر پیسے ضائع کئے گئے ہیں - حکومت کے خزانہ سے کروڑوں روپیوں کا نقصان ہوا ہے - حکومت کی نا اہلی کی وجہ سے جو پانی چھوڑا گیا وہ سمندر میں چلا گیا - ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر تربیلا ڈیم صحیح طور پر بنایا ہوتا تو یہ پانی ضائع نہیں ہو سکتا تھا -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Point of order Sir. He has deviated from the subject. He has gone so far away from the subject as if it is another adjournment motion.

**Mr. Chairman :** I was also thinking about, it but as he is the Leader of the Opposition I have only to certain extent, to reasonable extent give some latitude. But, I think, he is going beyond all the barrages and Indus. Now he has

come over Tarbela, God knows he will then go to the origin from where the river Indus comes. It will be very difficult.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** May I reply to one thing we have got in the adjournment motion. The Point is this that Tarbela water was availabe to us only this year. I am making comparison of flow through normal virgin flow of the river last year and what is flowing this year.

**Mr. Chairman :** It is enough now. We have had enough of discussion. Well Mr. Zamarrud Hussain you have failed to substantiate your complaint for the alleged shortage of water is due to the failure of the Federal Government. So it is ruled out. Time is over. Now, we move on to the next item No.2.

## MOTION *RE :* APPOINTMENT OF SPECIAL COMMITTEE TO DRAFT SENATE RULES OF PROCEDURE

**Mr. Chairman :** I think, it was in August that you had moved this.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, has it been moved or is it to be moved?

**Mr. Chairman :** It had been moved in August.

**Malik Mohammad Akhtar :** But the decision then was according to the papers available with me that it was opposed by the Leader of the House, and it was decided that the Law Minister would consult the Honourable mover and they will do something about it.

**Mr. Chairman :** As far as I remember there was some talk and consultations and then the mover was advised to see me in my Chamber. I tried to persuade him to agitate this matter in some other way not in this way or this can be sent to the concerned committee for moadifications or alterations or amendments or anything of the sort and the same objective would be achieved through the concerned committee. I think, this was the argument of Mr. Abdul Hafeez Pirzada that objective he had in view by bringing this amendment in Rule 173, the same objective will be very easily achieved through the Rules Committee. I tried to persuade the honourable mover in my Chamber but he didn't agree to that.

**Malik Mohammad Akhtar :** But today, Sir. we had a consultation after the close of a meeting.

**Mr. Chairman :** I don't know.

**Malik Mohammad Akhtar :** We consider that the entire matter may be reviewed in the light of the complications. This motion has been rejected and again certain amendments were submitted and entrusted to the Committee on Rules of Procedure and then finally decided that the Law Minister will have a talk with honourable mover, so I requested him that he should wait for the arrival of the Law Minister and they could discuss and let the House know what was going to be the course of action.

**Mr. Chairman :** What is your reaction?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** I have got a distinct proposal and I think he will accept it. Sir, amendment of the rules of the Senate cannot be taken in isolation of the National Assembly because National Assembly rules effect the Senate, similarly Senate rules effect the National Assembly with regard to what sdiscussed in one House cannot be discussed in the other House. Often the

Senate has felt the pinch because the National Assembly sits longer than the Senate National Assembly normally is summoned before the Senate is summoned. Adjournment motions are moved before the National Assembly and then we get up here and raise an objection that the matter has been discussed in the National Assembly, therefore, it is gone. That I say is that let us have formal consultatation as soon as the National Assembly is convened on the 28th, of a group from the Senate and a group from the National Assembly. We will sit together and if we agree then simultaneously there can be a motion in the National Assembly and a motion in the Senate. We nominate three persons from the Senate and seven persons from the National Assembly. A committee of two Houses is set up and nominate persons from the Senate then we sit and just give rules of business for Parliament which will be rules of business for National Assembly as well as for Senate. So if it is agreeable we should wait till the National Assembly meets.

**Khwaja Mohammad Safdar :** I agree to that. No objection.

(Interruption)

**Abdul Hafeez Pirzada :** How can it be unless the National Assembly meets. National Assembly is meeting on 28th. We can take this matter within three days of the National Assembly is convened.

**Mr. Chairman :** This should stand over.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** This will become infructuous.

**Mr. Chairman :** Mr. Abdul Hafeez Pirzada, Khawaja Muhammad Safdar and Leader of the Opposition agreed to this suggestion and, I think, that will be carried out. This stands over untill they meet and come to some tangible results. The other item is also in your name Khawaja Sahib. It is about rampant corruption.

## MOTION *RE:* SITUATION ARISING OUT OF PAMPANT CORRUPTION AND INEFFICIENCY IN WAPDA

**Khawaja Mohammad Safdar :** This is about WAPDA. Sir, I beg to move:

"That the situation arising out of the rampant corruption and widespread inefficiency prevailing in WAPDA be taken into consideration".

**Malik Mohammad Akhtar :** The motion is opposed.

**Mr. Chairman :** Is the motion opposed?

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, sir.

**Mr. Chairman :** This is under 187.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It will be only talked out.

**Mr. Chairman :** Do you want to say anything?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, sir, certainly. I have got the right to say something for about 30 minutes.

**Mr. Chairman :** Yes. But, Malik Sahib, you did not say on what ground you opposed it.

**Malik Mohammad Akhtar :** Let me hear and then I will.

**Mr. Chairman :** You have 30 minutes.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes. sir.

**Mr. Chairman :** Thirty minutes or a lesser time. Yes, it is upto you.

خواجہ محمد صفدر: جناب چیئرمین! میں اس معزز ایوان میں ایک ایسے موضوع کے متعلق گفتگو کرنے والا ہوں - اور اس معزز ایوان کی توجہ ایک ایسے موضوع کی طرف دلانے کی کوشش کرنے والا ہوں جسکا تعلق اس ملک کے ہر فرد و بشر سے ہے - اور اس ملک کے چاروں صوبوں میں بسنے والے واپڈا کی کار کردگی یا عدم کارکردگی ، واپڈا کے حسن انتظام یا عدم حسن انتظام -

**Mr. Chairman :** Will you excuse me for one interruption. I will inform the House that I have allowed this motion to be discussed presumably that there was only one issue involved in it. Only the allegation of corruption was brought to my notice and I have put in so many words that because there is only one issue of corruption so I admitted it. It was later discovered that there are two issues corruption and inefficiency. You consider it my mistake. It was done inadvertently. So, as a special case I allow it. It should be discussed but it would not be a precedent with regard to other motions. If I find that there are more than one issues involved in any motion and they are hit by any of the rules, then this would not be quoted as a precedent.

**Khawaja Mohammad Safdar :** All right, sir.

**Mr. Chairman :** Now, you proceed ahead with your arguments.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I do not want to enter into controversy over it. As your honour has allowed me, I take this opportunity to express my views on the subject.

خواجہ محمد صفدر: جناب چیئرمین! میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ واپڈا کی کارگزاری یا عدم کارگزاری سے اس ملک میں رہنے والا ہر شخص متاثر ہوتا ہے - میں واپڈا کی کارگزاری کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہوں اور جیسا کہ واپڈا نے انہیں خود بھی تقسیم کیا ہوا ہے۔ ایک پاوروِنگ اور دوسرا واٹرونگ - میں پہلے پاور ونگ کے متعلق کچھ گزارشات کرونگا - جناب والا جہاں تک پاور ونگ کا تعلق ہے -

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! جہاں تک پاورونگ کا تعلق ہے - سارے ملک میں اس مسئلے کے متعلق ہا ہا کار مچی ہوئی ہے۔ کہ واپڈا بجلی کی ترسیل میں نا کام ہو چکا ہے - ابھی کل ہی کے اخبار میں جناب وزیراعلیٰ

پنجاب نے کہا ہے ۔ کہ نو سو ٹیوب ویلوں کی درخواستیں فوری طور پر خود منظور کر کے حکم دیا ہے انہیں بھی مہیا کی جائے۔ جو کچھ اخبارات میں آیا ہے ۔ غالباً یہ درست نہیں ہے ۔ اور جہاں تک میں جانتا ہوں ۔ صوبائی وزیر یا صوبائی وزیراعلیٰ ایسا نہیں کرسکتے ۔ انہوں نے مشورہ ضرور دیا ہوگا ۔ انہیں دنیا چاہئے ۔ غالباً اخبار نے رپورٹ غلط کیا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ۔ کہ صوبہ پنجاب کے وزیراعلیٰ کو شائد علم نہیں تھا ۔ کہ واپڈا کے دفتر میں صرف پنجاب بھر سے ۹۰۰ درخواستیں غور طلب نہیں پڑی ہوئیں اور صرف نوسو ٹیوب ویل ایسے نہیں ہیں ۔ جنہیں ابھی تک باوجود طلب و تقاضا کے بجلی مہیا نہیں کی گئی ۔ بلکہ ٹیوب ویلوں کی اصل تعداد صرف پنجاب بھر میں ۹۹۹۵ ہے جنہیں بجلی درکار ہے اور جیسا کہ واپڈا نے خود ہی ان درخواستوں کو مختلف اقسام میں تقسیم کیا ہوا ہے ۔ اور اگر دوسری دو قسموں کے اعداد و شمار بھی پیش کروں ۔ تو صنعتی کنکشن کیلئے ۹۲۷۶ درخواستیں قابل توجہ ہیں۔ اور عام گھروں یا کمرشل کنکشن کے لئے ۴۹۵۳۹ درخواستیں پڑی ہیں ۔ یہ ۳۰ مئی تک کے اعداد و شمار ہیں ۔ یعنی پنجاب بھر میں واپڈا کے پاس کنکشن حاصل کرنے کے لئے ۳۰ مئی تک کل ۶۸۸۱۰ درخواستیں پڑی ہوئی تھیں ۔ یہ درخواستیں ایسی ہیں ۔ جسمیں سے کوئی دو سال سے Pending پڑی ہوئی اور کوئی تین سال سے Pending پڑی ہوئی ہے ۔ اور ایک سال کی تو ہزاروں Pending پڑی ہیں۔ جناب والا واپڈا آسانی سے کہہ سکتا ہے ۔ اور شائد ہمارے محترم وزیر بھی یہ کہہ دیں۔ کہ صاحب بجلی نہیں ہے۔ تو بجلی نہیں ہے کا کوئی جواب اس ملک کے عوام سننے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ کیونکہ واپڈا کو اسلئے معرض وجود میں لایا گیا تھا ۔ کہ وہ اس ملک کی ضروریات کیلئے بجلی مہیا کرے ۔ اور وہ بجلی مہیا نہیں کرتی تو جو بنیادی غرض اسکے معرض وجود میں لانے کی تھی ۔ پوری نہیں ہوتی ۔ تو اسکی تمام تر ذمہ داری واپڈا اور اسکے کار پردازوں پر عائد ہوتی ہے ۔ جسمیں متعلقہ وزیر بھی شامل ہے اور مرکزی حکومت بھی شامل ہے ۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ واپڈا کو اپنے منصوبے تیار کرنے کیلئے کافی روپیہ نہیں ملتا رہا ۔ تو یہ بات بھی غلط ہے ۔ اس سال کے ترقیاتی بجٹ میں نہیں صرف واپڈا کے برقیاتی حصے کو ترقی دینے کیلئے ۱۲۰۰۴۹ کروڑ روپے مہیا کئے گئے ۔ اتنی بڑی رقم کسی محکمے یا کسی اور اتھارٹی کو نہیں دی گئی۔ یہ صرف اسکے ایک ونگ کو دی گئی ہے ۔ یہ رقم ایسے واپڈا کے عام اور روزمرہ کے اخراجات کیلئے نہیں دی گئی ۔ یہ رقم اسے ترقیاتی سکیموں کیلئے نہیں دی گئی ۔ ہر سال کروڑں اربوں روپے انکے حوالے کئے جاتے ہیں ۔ کہ وہ اس ملک کی ضروریات کو پورا کریں اور اگر وہ اس ملک کی بجلی کی ضروریات کو پورا

نہیں کرتے - تو یہ امر اسکی نا اہلیت پر دلالت کرتا ہے - کہ پونے لاکھ کے قریب درخواستیں صرف پنجاب میں کنکشن کے حصول کے لئے پڑی ہوئی ہیں اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے - آج میں سینٹ سیکرٹیریٹ کی توجہ بھی اس امر کی طرف دلاتا ہوں - کہ وپڈا کے افسران اس پارلیمنٹ کو اتنی بھی اہمیت نہیں دیتے کہ وہ کتابیں جو واپڈا کے افسران نے اپنی تعریف میں لکھی ہوئی یا لکھوائی ہوتی ہیں - وہ کم ازکم یہاں لائبریری میں بھیج دیں - کل شام میں نے بڑی تگ و دو کی - اور ساری لائبریری چھان ماری - لیکن مجھے کوئی کتاب نہیں ملی - بہرحال یہ ایک جملہ معترضہ تھا - اور مجھے یقین ہے کہ سینٹ کی جانب سے واپڈا کے کارپردازوں کی توجہ ان کی کارگزاری موجودہ صورت حال جسے محسوس کرتے ہوئے میں نے یہ تحریک پیش کی ہے - کی طرف دلائی جائیگی - جناب والا! واپڈا کی کارگزاری کا ایک اور بھی پہلو ہے اور نہ صرف موجودہ حکومت بلکہ سابقہ حکومتوں نے بھی یہ کوشش کی ہے - کہ دیہاتی عوام کو بجلی کی آسائش مہیا کی جائے - اب جبکہ بیسویں صدی ختم ہونیوالی ہے ، اس زمانے میں تو پاکستان کے دیہاتی عوام کو بجلی کی آسائش ملنی چاہئیے - مجھے افسوس ہے - کہ واپڈا کے کل پاکستان کے متعلق تو مجھے اعداد و شمار نہیں ملے لیکن جو مجھے ملے ہیں میں عرض کرتا ہوں - واپڈا نے پچھلے سال پنجاب میں پروگرام کے مطابق تین سو دیہات کو بجلی مہیا کرنی تھی لیکن ۳۰ جون کو جب سال ختم ہوا تو اس سال میں صرف ۶۷ دیہات کو پنجاب میں بجلی مہیا کی گئی تھی صوبہ سرحد میں تو مجھے معلوم نہیں ہے کہ وہاں کتنے دیہاتوں کو بجلی دی جائے گی مگر جہاں تک صوبہ سرحد میں واپڈا کی کارگزاری کا تعلق ہے وہ صرف یہ ہے - کہ سال بھر میں صرف ۶۰ گاؤں کو بجلی مہیا کی گئی - واپڈا کی نااہلی کا ملک کی معیشت پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے - اس پر غور کیا جائے تو نہ صرف یہ کہ صرف پنجاب میں اگر لوگوں نے تقریباً دس ہزار ٹیوب ویل نصب کر لئے ہیں اور وہ سال یا دو سال سے بیکار پڑے ہیں تو اندازہ کیجئے کہ پاکستانیوں کا کسی قدر سرمایہ منجمد ہوچکا ہوا ہے اور وہ اس پر سود بھی دیتے ہوں گے اور ان سے فائدہ بھی کوئی نہیں اٹھا رہے - اگر یہی دس ہزار ٹیوب ویل کام کرتے یعنی انہیں بجلی میسر ہوتی تو جناب والا! ہم اشیائے خوردنی میں خود کفیل ہو جاتے - لیکن حالت یہ ہے - کہ ہزاروں کے حساب سے کنکشن کے حصول کیلئے درخواستیں ایسے ہی پڑی ہوئی ہیں اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں - کہ ہزاروں درخواستیں صوبہ سندھ میں اور ہزاروں صوبہ سرحد میں پڑی ہونگی اگر سارے پاکستان کی صرف ٹیوب ویلوں کی درخواستیں جمع کی جائیں اور اس تعداد کو ایک لاکھ سے ضرب دے دی جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارا کس قدر سرمایہ بیکار پڑا ہے اور صرف ایک سفید ہاتھی کی وجہ سے بیکار پڑا

ہے اور وہ دانت تک نہیں ہلاتا ۔ جناب والا! ان کی کارکردگی اور بددیانتی کا یہ عالم ہے ۔ کہ پچھلے اجلاس میں میں نے ایک سوال کیا تھا ۔ میرے دوست اس وقت یہاں تشریف نہیں رکھتے میری مراد محمد رانا محمد حنیف خان صاحب سے ہے وہ آجکل وزیر خزانہ ہیں ۔ اس وقت یہ محکمہ یتیم ہے جسکا کوئی والی وارث نہیں ہے گذشتہ تین سال سے کبھی کبھار کو اس محکمہ کا وزیر عارضی طور بن جاتا ہے ورنہ اکثر یہ اسطرح ہوتا ہے جسطرح کہ یتیم بچہ یتیم خانہ میں ۔ مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کی بہت بڑی ذمہ داری موجودہ حکومت پر ہے انہوں نے اس محکمہ کی طرف کوئی توجہ نہیں کی ۔ واپڈا کے چھوٹے بڑے افسروں نے لوٹ مچا رکھی ہے مگر کوئی پوچھنے والا ہی نہیں میں نے پوچھا تھا کہ واپڈا جو بجلی پیدا کرتا ہے اس میں سے کتنی صارفین کے ہاتھوں فروخت ہوتی ہے اور باقی کا کیا بنتا ہے مجھے بتایا گیا کہ تقریباً ۶۵ فیصد صارفین کے ہاتھ فروخت ہوتی ہے اور ۳۵ فیصد واپڈا کی establishment اور Transmission میں خرچ ہو جاتی ہے ۔ وہ کہاں کی establishment اور کیسی Transmission ہے جہاں اتنی بجلی صرف ہوجاتی ہے ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ میں نے بعض experts سے دریافت کیا اور وزیر صاحب سے عرض کیا کہ دنیا کی تاریخ میں کسی ایسے محکمہ کی مثال دیں جو کہ بجلی پیدا کرتا ہو اور اسکی ۳۵ فیصد بجلی Transmission میں ضائع ہوتی ہو ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ میں معذرت خواہ ہوں میں نے ذرا سخت الفاظ استعمال کئے ہیں ۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین:</u> یہ نادرست ہے ۔

خواجہ محمد صفدر: یہ نادرست ہے ۔ لیکن میرے محترم وزیر نے اسکا مجھے تسلی بخش جواب نہیں دیا ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ 40,35 فیصد بجلی واپڈا کے ملازمین صارفین سے ملکر کھاجاتے ہیں ۔ ۔ ۔ جسے یہ کہتے ہیں کہ transmission میں ضائع ہوجاتی ہے experts کے اندازے کے مطابق transmission کے دوران کوئی پانچ فیصد بجلی ضائع ہوتی ہے باقی یہ لوگ چوری کر جاتے ہیں یہاں تک کہ transfarmer تک چوری ہو جاتے ہیں اور آپ جانتے ہیں جناب والا! کہ ٹرانسفارمر کوئی میرے جیسا آدمی یا کوئی اورجسے کہ یہ فن نہ آتا ہو وہ چوری نہیں کرسکتا اسی صورت میں تو چور ساتھ ہی چمٹا رہے گا ۔ واپڈا کے کاریگر جو انجینئرنگ سے واقف ہیں ، وہ ٹرانس فارمر چوری کرکے لیجاتے ہیں ۔ ۔ ۔ جناب والا! ایک ہزار ٹرانسفارم اگر ایک سال میں چوری ہورہے ہیں تو انکی قیمت لاکھوں روپوں میں چلی جاتی ہے لیکن واپڈا کی نا اہلی کی توجہ سے اس ملک کے غریب عوام کے خون پسینے کی کمائی اسطرح ضائع ہو رہی ہے اور لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں روپے کا اسطرح سالانہ نقصان ہو تو اس پر ماتم نہ

کیا جائے تو اور کیا کیا جائے۔ جناب والا! ایک اور بات میں بجلی کی تراسیل کے متعلق میں عرض کرونگا اور میں جانتا ہوں کہ اسکا مجھے جواب کیا دیا جائیگا - کہا جائیگا کہ چونکہ دریاؤں میں پانی کم ہے اسلئے کم بجلی پیدا ہو رہی ہے load shedding لازمی ہوگیا ہے - میں پوچھتا ہوں کہ اس سال تو دریاؤں میں پانی کم ہونے کی وجہ سے بجلی کم پیدا ہو رہی ہے ، پچھلے سال تو یہاں سیلاب آیا تھا پانی کم نہیں تھا پھر load shedding کی کیا وجہ تھی جہاں تک زرعی پیداوار کا تعلق ہے اس کے متلعق میں نے عرض کر دیا کہا جاتا ہے کہ load shedding سے ٹیوب ویل متاثر نہیں ہوں گے۔ لیکن امر واقعہ ہے کہ ہیں - لیکن صنعتوں کا کیا حال ہے - کیا ہماری برآمد کا انحصار ہماری صنعتی پیداوار پر نہیں ہے - اور اگر ہماری صنعتی پیداوار نہیں بڑھتی تو کیا واپڈا نے کبھی اندازہ کیا ہے کہ اسکی اس نا اہلی کی وجہ سے ملک کو صنعتی میدان میں کس حد تک نقصان پہنچتا ہے - کتنے اربوں روپے کا نقصان ہوتا ہے - اب وہ زمانہ نہیں رہا - لوگ man hours گنتے ہیں - اتنے man hours پیدا واری کاموں میں صرف کئے گئے یا اتنے man hour ضائع ہوگئے - ہم کب اپنے نقصانات کا جائزہ لیا کریں گے - اگر واپڈا صرف ایک محکمہ ہوتا جو اسی حد تک اپنے اندر محدود رہتا اور اس کے اثرات اس ملک کی صنعت اس کی زراعت اس کی عام زندگی پر نہ پڑتے تو شائد مجھے یہاں چیخنے کی ضرورت نہ تھی - لیکن صورت حال یہ ہے کہ واپڈا نے ہماری ذراعت کو مفلوج کرکے رکھ دیا - اور اس نے ہماری صنعت کو مفلوج کرکے رکھ دیا - اور اس نے ہماری روزمرہ کی زندگی کو بیکار کرکے رکھدیا - چلچلاتی گرمیاں ہوتی ہیں ایک غریب آدمی نے بڑی مشکلوں سے گھر میں پنکھا لگایا ہوتا ہے - اور جب دوپہر کا وقت ہوتا ہے تو load shedding لوڈ شیڈنگ شروع ہو جاتا ہے یا لوڈ شیڈنگ کے بغیر ہی ویسے ہی بجلی بند ہو جاتی ہے - tripping ہوگئی واپڈا نے کئی نئے الفاظ ہماری زبان میں داخل کر دئے ہیں - ہماری عام بول چال میں میں یہ الفاظ اب استعمال کئے ہیں - جیسے ٹرپنگ ہے ، لوڈ شیڈنگ ہے -

جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی زیادتی ہو گی - اگر موجودہ وزراء صاحبان میرے دل میں ان کا بے حد احترام ہے - نئے نئے آئے ہوئے ہیں- میں ان پر ذمہ داری ڈال نہیں سکتا- میں نے ان کی توجہ دلانے کے لئے یہ تحریک یہاں پیش کی ہے کہ خدا را اپنے فرائض منصبی کو پہنچانئے ملک کو بربادی کے کنارے پر لا کر کھڑا کر دیا گیا ہے- اس کو اس گہرے گڑھے میں گرنے سے بچائیے- اللہ تعالیٰ نے آپکو اس منصب پر اس لئے پہنچایا ہے کہ آپ قوم کی خدمت کریں- اس لئے ہی کہ جھنڈے والی موٹر پر آپ سیر کرتے پھریں- جناب والا! وقت کی قلت کے پیش نظر اب میں واپڈا کے دوسرے حصے یعنی اس کے دوسرے سیکشن

کی طرف آتا ہوں یعنی واٹر سیکشن پر - واٹر سیکشن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے - ایک وہ جسکے ذمے آب رسانی کے بڑے بڑے منصوبے تیار کرنا ہے - تاکہ اس ملک میں آبپاشی کے لئے پانی مہیا ہوسکے یعنی آبپاشی کے ذرائع و وسائل میں توسیع اس کے ذمہ ہے اور دوسرا حصہ یہ ہے کہ وہ اراضیات جسکو سیم اور تھور کی بیماری لگ چکی ہے اس سے ان اراضیات کو نجات دلا کر ان کی پیداوار صلاحیتوں کو بحال کیا جائے - جہاں تک ان بڑے بڑے منصوبوں کا تعاق ہے - چونکہ میری ایک تحریک اسی قسم کی تربیلا بند کے متعلق اس ایوان کے ایجنڈے میں ہے اس لئے میں اسکا ذکر نہیں کروں گا - صرف اتنا عرض کروں گا - شائد یہ ہمارے اعمال کی وجہ سے ہے- یعنی شامت اعمال ہے کہ اتنا عظیم نقصان ہوا - کہ خود واپڈا کے چیئرمین سر شاہ نواز بھی پرسوں اترسوں فرما گئے ہیں کہ اتنا نقصان ہوا ہے کہ رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں انہوں نے رقم متعین نہیں کی- انہوں نے کہا ہے کہ رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں - یہ خیال کرکے کہ کتنا نقصان ہوا ہے - بہرحال اس کے متعلق بعد میں عرض کروں گا - لیکن واپڈا کی اس ضمن میں کارگزاری صفر کے برابر ہے - حضور والا - مجھے افسوس ہے کہ مجھے صرف پنجاب کے متعلق اعداد و شمار ملے ہیں - میں پھر اسکا دوبارہ اعادہ کرنا چاہتا ہوں - پنجاب میں 30 جون 1974 تک واپڈا نے 7,430 ٹیوب ویل آبپاشی کی غرض سے یا سیم تھور سے انسداد کی غرض سے مختلف علاقوں میں لگائے تھے - یہ ان کے اپنے ٹیوب ویل ہیں - ان میں سے 6,843 کو بجلی 30 جون تک ملی تھی - اور باقی 600 ابھی انتظار میں ہیں - وہ کیو ، ( قطار ) میں کھڑے تھے - کہ کب ان کو بجلی مہیا ہوتی ہے- واپڈا کے اپنے ٹیوب ویلوں کی بات ہے - ان میں سے کم و بیش 30% ٹیوب ویل ان کی نا اہلی کی وجہ سے ناکارہ ہوچکے ہیں یا کھاری پانی دیتے ہیں- جو کہ آبپاشی کے قابل نہیں ہے - وہ بجائے اصلاح اراضی کے اراضی کو تھور زدہ کر دیتا ہے - اس لئے وہ بیکار ہیں - یہ بھی ان کی نا اہلی اور نالائقی کا ایک شاہکار ہے جہاں تک ان کے پروگراموں کا تعلق ہے - جناب یہ میرے پاس 1972-73 Year Book گورنمنٹ آف پاکستان کی شائع کردہ ہے دو سیکشنوں کے متعلق عرض کروں گا- پنجاب میں چشمہ رائٹ بینک کنال پراجیکٹ ہے - اس سے تونسہ ڈی-جی-خاں کو پانی میسر آتا تھا - کئی سال سے یہ وپڈا کی نظر کرم کی محتاج ہے - جسکا کچھ نہیں بن رہاہے - ایک اور نہر تھی - کیمبلپور کنال یہ دریائے سندھ سے نکلنی تھی اور اسے ضلع ہزارہ اور کیمبلپور کے اضلاع کو سیراب کرنا تھا - تو یہ بھی معرض التواء میں ہے - کہتے ہیں کہ کئی سال سے ٹاپو گرافی کی سروے ہو رہی ہے - اور اسکیم مرتب کی جارہی ہے - اور مختلف مراحل سے ابھی گزر رہی ہے اگرچہ کئی سال گزر گئے ہیں - تیسری سکیم دینہ ٹیوب

ویل ایریگیشن سکیم ہے - یہ ضلع ہزارہ کے لئے تھی- ہنوز اپنے ابتدائی مراحل میں ہے گزشتہ کئی سال سے پانچویں ملوے ایریگشن اسکیم جو جہیلم ضلع کے لئے ہے - یہ بھی تا حال ابتدائی مراحل بھی طے نہیں کرسکی - چھٹی پنجاب کے لئے سیلابہ ایریا پراجیکٹ سکیم ہے - اس سے 16 لاکھ ایکڑ زمین کو سیر اب کرنا مقصود ہے دراصل سیلابہ ایریا کے لئے یہ سکیم بنانے کی ضرورت اس لئے پڑی کہ اب دریاؤں میں پانی کم ہوگا - کیونکہ دریاؤں کا پانی روک لیا گیا ہے - مختلف بیراجز میں اور وہ اراضی جو دریاؤں کے کناروں پر ہیں - خواہ وہ چناب کے کنارے ہو - یا جہیلم کے کنارے پر ہو یا سندھ ہو یا دوسرے کسی دریا جن کے کچھ حصے ہمارے پاس آتے ہیں ان کی اراضی جو سیلاب سے سیراب ہو جاتی تھی- وہ سیلاب اب آئیں گے نہیں کیونکہ انکا پانی محدود مقدار میں بیراجز میں سے گزرے گا - اس لئے یہ ضرورت پڑی - یہ تھوڑی اراضی نہیں ہے - سولہ لاکھ ایکٹر - تاہم واپڈا اس پر غور فرما رہا ہے - اس سے آگے نہیں بڑھا - صوبہ سرحد میں چشمہ رائٹ بینک کنال - ڈی آئی خان ہمارے پاکستان کے ان چند اضلاع میں سے ہے - جو سب سے زیادہ پسماندہ ہیں - اسکی ترقی کے لئے یہ نہر نکالنا ضروری تھی - اور اس سے تقریباً ۳۲ لاکھ ایکڑ زمین ڈی آئی خان میں اور کچھ ڈی جی خان میں سیراب ہونا تھی - لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ منصوبہ ویسے ہی پڑا ہے- اسی طرح صوبہ سرحد میں سیلابہ ایریا کی سکیم وہ بھی بیکار پڑی ہے - اور صوبہ سرحد میں پھور ہائی لیول کی صورت حال بھی یہی ہے - یعنی کچھ نہیں ہو رہا - اور اسی طرح بلوچستان میں میرانی ڈیم پراجیکٹ فزیبلٹی رپورٹ was completed right up to feasibility report, field work was only completed. تیار ہو رہی ہے - اس سے آگے جانے کے لئے واپڈا تیار نہیں - اور جہاں تک سیم اور تھور کے انسداد کا تعلق ہے اسکے متعلق تو انتہائی پریشان کن اعداد و شمار ملتے ہیں - جناب! صرف پنجاب 70 ہزار ایکڑ سے ایک لاکھ ایکڑ اراضی ہر سال سیم و تھور کی نذر ہو جاتی ہیں - ناقابل کاشت ہو جاتی ہیں صرف ایک صوبے میں اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ صوبہ سندھ میں جہاں یہ بیماری شائد پنجاب سے قدرے تیز تر ہے اگر میں یہ کہوں تو کوئی مبالغہ نہیں ہوگا- کہ کم و بیش دو لاکھ ایکڑ اراضی صرف دو صوبوں میں ہر سال سیم اور تھور کی نذر ہو رہی ہے اور واپڈا اس کا انسداد نہ کرسکے تو کیا اس کو اس کی کارکردگی پر دلالت کی جائے گی یا عدم کار کردگی پر - - -

جناب ڈپٹی چیئرمین: خواجہ صاحب! آپ کا وقت ہوگیا ہے -

خواجہ محمد صفدر: مجھے صرف دو منٹ اور دے دیں - میں زیادہ لمبی بات نہیں کرونگا مجھے خود اس بات کا احساس ہے -

ملک محمد اختر (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): آپ بولیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں -

خواجہ محمد صفدر: شکریہ - جناب والا! اس مسئلہ کی وسعت کا اندازہ آپ اس بات سے لگائیں کہ پاکستان کا کل آب پاش رقبہ 39.5 million ایکڑ ہے اور اسی طرح سے تھور زدہ رقبہ 7.8 million ایکڑ ہے اور سیم زدہ رقبہ 17.41 million ایکڑ ہے یعنی 25.21 million ایکڑ رقبہ ان دو بیماریوں کی نذر ہو چکا ہوا ہے اور بقایا آپ کے پاس 14 million ایکڑ ہے جو ان بیماریوں سے محفوظ ہے۔ اس قدر عظیم اور وسیع مسئلہ کے متعلق سستی اور کاہلی کرنا یہ مجرمانہ غفلت نہیں تو جناب چیئرمین اور کیا ہو سکتا ہے - جناب والا! اس سلسلے میں پنجاب میں واپڈا نے یہ تجویز کیا تھا کہ سیم اور تھور سے نجات دلانے کے لئے 525 ٹیوب ویل پچھلے سال یعنی 1972/73 میں لگائے جائیں گے لیکن صرف 265 ٹیوب ویل لگائے گئے یعنی صرف 50 فیصد - سندھ میں 693 ٹیوب لگائے جانے کا منصوبہ تھا لیکن صرف 579 ٹیوب ویل مکمل ہوئے یعنی 65 فیصد - اگر واپڈا کے کار پرداز یہ کہیں کہ صاحب ہمیں رقم کم ملتی ہے تو میں عرض کرونگا کہ تو صرف واٹرونگ کے لئے سال رواں میں واپڈا 114.09 کروڑ روپے ترقیاتی بجٹ سے ملے ہیں - جس ادارے کا ترقیاتی بجٹ اڑھائی سو کروڑ روپے کے لگ بھگ ہو اور وہ اس کو بھی ضائع کردے اور وزیر کئی سو کروڑ روپے کے ضیاع کا ذمہ دار بھی ہو تو اسکے متعلق اگر یہ نہ کہا جائے تو اور کیا کہا جائے کہ اگر نا اہلی مجسم دیکھنی ہو تو واپڈا کو دیکھیں اور اگر بددیانتی مجسم شکل میں دیکھنی ہو تو واپڈا کو ملاحظہ فرمائیں -

Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں sense of the house معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اس پر کون کون صاحبان بولیں گے -

جناب زمرد حسین: میں بولونگا -

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, at the end I will try to explain.

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ آخر میں جواب دیں گے -

Leader of the Opposition would also like to speak on the issue. Mr. Jamali will try to reply.

خواجہ محمد صفدر: تو ان سے پہلے مجھے پھر موقع ملے گا -

ملک محمد صفدر: ٹھیک ہے - he has got a chance.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I have got a chance of reply.

تاکہ جو کچھ میرے پاس رہ گیا ہے میں اسے بھی پیش کروں -

**Mr. Deputy Chairman :** Ten minutes each. Under the rules every speaker for ten minutes. I would draw your attention to rule 193 :

> "The subject matter of every speech shall be relevant to the matter before the Senate".

خواجہ صاحب چونکہ محرک تھے اسلئے مسٹر چیئرمین نے انہیں اجازت دی تھی کہ زیادہ وقت لے لیں ۔

خواجہ محمد صفدر: واپڈا نے تو محض اپنی کارکردگی ظاہر کرنے کے لئے یہ سکیمیں بنائی تھیں لیکن ان پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ۔

**Mr. Deputy Chairman:** Rampant corruption and inefficiency are two things. Everybody has to concentrate over two things only.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, it is all right , Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Mr. Zamurrud Hussain.

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! واپڈا میں بددیانتی اور نا اہلی کے سلسلے میں میرے معزز ساتھی خواجہ محمد صفدر صاحب نے بڑی تفصیل سے بات کی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میں اس میں کوئی زیادہ اضافہ نہیں کر سکونگا۔ لیکن بہرحال چونکہ اعداد و شمار کی زیادہ تر وضاحت پنجاب کے متعلق تھی اس لئے میں چاہونگا کہ بلوچستان میں واپڈا جس نا اہلی اور بددیانتی کا ثبوت فراہم کر رہا ہے اس پر ایک حد تک روشنی ڈالوں ۔ جناب چیئرمین! واپڈا اس ملک کا ایسا ادارہ ہے جس کے متعلق نا اہلی اور بددیانتی کی رائے قائم کرنے کے لئے کسی دلائل کی ضرورت نہیں اس لئے کہ اس ادارے کے متعلق اس ملک کے وزیراعظم نے اگر کبھی بات کی ہے تو اس نے یقیناً یہی کہا ہے کہ یہ نا اہل ادارہ ہے اور اسکی کارکردگی نا تسلی بخش ہے ۔ اگر کسی صوبے کے گورنر نے بات کی ہے تو اس ادارے کو نا تسلی بخش کہا ہے ۔ اگر کسی صوبے کے وزیراعلیٰ نے اس کے متعلق بات کی ہے تو اسکی نا اہلی کا ذکر کیا ہے۔ اس ملک کا کوئی سیاستدان ہو یا تاجر۔ سیاسی کارکن ہو یا گورنمنٹ ملازم ہو ملک میں کوئی ایک آدمی بھی ایسا نہیں جو واپڈا کے لئے کلمہ خیر کہنے کے لئے تیار ہو ۔ ہر شخص نالاں ہے ۔ ہر شخص پریشان ہے اور مجھے حیرت ہے کہ یہ لوگ جو واپڈا میں بیٹھے ہیں یہ اپنی کارکردگی پر رائے عامہ کو سنتے ہیں اور اس کے باوجود ان کی آنکھوں میں ذرا بھی شرم کا احساس نہیں ہوتا ۔ ان کے دل میں دیانت کا احساس اور اس ملک سے محبت کا احساس نہیں ابھرتا ۔ دن بدن ۔ ہر روز اور ہر نیا آنے والا دن ان کی بددیانتی اور نا اہلی کے افسانوں اور کہانیوں میں مزید اضافہ کرتا ہے ۔ خواجہ صفدر صاحب بتاتے ہیں کہ پنجاب میں واپڈا نے اتنی اسکیمیں

مکمل نہیں کیں۔ وہ مکمل ہوئیں یا نہیں ہوئیں مگر میں کہتا ہوں کہ بلوچستان میں گذشتہ دو سالوں میں واپڈا نے کچھ بھی تو نہیں کیا اور اگر کچھ کیا ہو تو شائد متعلقہ وزیر کچھ بتا سکیں۔ میں بڑے دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ گزشتہ دو سالوں میں بلوچستان میں ہم نے ان کو کوئی کام کرتے نہیں دیکھا اور بجلی کی سپلائی کی صورت حال یہ ہے۔ آپ بلوچستان کے رہنے والے ہیں آپ کو بھی شائد پتہ ہوگا کہ شام کے چار بجے اور بجلی خراب۔ کبھی ایک محلے میں اندھیرا اور کبھی دوسرے محلے میں اندھیرا ہے۔ مستونگ میں تو اتنا اندھیرا ہے کہ آپ کچھ پڑھ نہیں سکتے۔ معلوم ہوتا ہے۔ جیسے دیا ٹمٹما رہا ہے۔ جہاں تک نئے کنکشن دینے کا سوال ہے کہا جاتا ہے اور یہ دعوے کئے جاتے ہیں کہ واپڈا بلوچستان کے سلسلے میں بڑے پروگرام رکھتا ہے۔ کیونکہ بلوچستان ملک کا بڑا پسماندہ علاقہ ہے لہذا حکومت اسکی ترقی کی طرف زیادہ متوجہ ہے۔ ترقی کی باتیں کرنے میں واپڈا کا نمبر ایک ہے لیکن جب بھی بلوچستان کی بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس بجلی نہیں۔ ہم کہاں سے دیں۔ اگر آپ چیف منسٹر سے سوال پوچھیں یا پرائم منسٹر صاحب سے پوچھیں تو یہ انہیں اعداد و شمار دیں گے لیکن میں آپکو بتاتا ہوں کہ جن کو یہ کنکشن دینا چاہیں دے دیتے ہیں۔ اگر پانچ ہزار روپیہ خرچ کریں تو ٹیوب ویل کے لئے کنکشن مل جائے گا لیکن جب بچت کی بات ہوگی تو کہیں گے کہ ہمارے پاس بجلی نہیں۔ جب یہ اعداد و شمار دیتے ہیں تو لوگوں کو یہی بتاتے ہیں لیکن جب انہیں کوئی پیسہ دے تو کنکشن مل جاتا ہے اور اسی کرپشن کا نتیجہ ہے۔ اسی corruption کا نتیجہ ہے کہ سارے کا سارا صوبہ جہاں یہ supply دیتے ہیں وہ مصیبت اور عذاب میں مبتلا ہے۔ نہ کسی کا ریڈیو محفوظ ہے نہ کسی کا ٹیلی ویژن سیٹ محفوظ ہے۔ نہ کسی کا کارخانہ محفوظ ہے، نہ کسی کی مشین محفوظ ہے۔ اور آنکھوں کا ستیاناس تو کم سے کم بلوچستان میں جہاں ان کی بجلی ہے سب کا ہی ہوگیا ہے۔ کچھ دن میں بھی ان کی بجلی استعمال کرتا رہا ہوں تو میری آنکھوں میں بھی تکلیف ہوگئی ہے اب مجھے ڈاکٹر کو دکھانی پڑ رہی ہیں کہ ان میں کیا تکلیف ہے یہ صورتحال ہے واپڈا کی۔

جناب چیئرمین مجھے پتہ نہیں کہ اس معزز ہاوس میں واپڈا پر اس بحث کا کیا اثر ہوگا، کیا نتیجہ نکلے گا، اس میں کیا تبدیلی آئیگی جس پر ملک کا سب سے بڑا اعلیٰ آدمی مایوسی کا اظہار کرے۔ جہاں دنیا جہاں کے لوگ مایوسی کا اظہار کریں اور اس کی کارکردگی پر ذرا بھی فرق نہ پڑے۔ میں نہیں جانتا کہ اس سینیٹ میں اس بحث کا اس ادارے پر کیا اثر پڑے گا اور اس میں کوئی تبدیلی آنے کا امکان ہے یا نہیں اور میں بالکل

یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس بحث کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا واپڈا والے اپنی نا اہلی کا معیار اسی طرح برقرار رکھیں گے - اور ان کی بدیادنتی میں یقیناً اضافہ ہوگا تاآنکہ کوئی لوگ اس ملک میں نکلیں ، تاآنکہ کوئی ایسا انقلاب آئے اس ملک میں تاآنکہ ان کی بددیانتی اور نا اہلی کے جرم میں ان لوگوں کو پھانسی کے تختے پر چڑھا دیا جائے ، ان کو گولیاں مار دی جائیں ، اور ان کی لاشیں بازاروں میں لٹکادی جائیں تو ہو سکتا ہے تب اس سے یہ کوئی عبرت پکڑیں - لیکن میں تو بالکل مایوس ہوں - سمجھتا ہوں کہ ان پر اس بحث کا کوئی اثر نہیں پڑے گا اور اس بحث کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا - نہ جانے جب سے یہ گذشتہ دو سال سے ہم عوامی دور کی جوں جوں زیادہ باتیں کرنے لگے ہیں ، موجودہ دور میں بیورو کریسی کے پنجے اس ملک پر زیادہ گہرے ہوتے جارہے ہیں ، مضبوط ہوتے جارہے ہیں - پہلے جب بھی کسی عوامی ادارے میں ، قومی ادارے میں اسمبلی میں ، سینیٹ میں ، صوبائی اسمبلی میں بحث کا مسئلہ آتا تھا - تو سرکاری ادارے اپنے آپ کو درست کرنے لگ جاتے تھے کہ صاحب نہ جانے وہاں کیا ہوگا - لیکن اب attitude جناب یہ ہے کہ جب بات ہوتی ہے کہ صاحب Natioual Assembly فلاں مسئلے پر بحث کرے گی تو کہتے ہیں کہ صاحب کیا فرق پڑتا ہے - اور اس نے سمجھ لیا ہے کہ یہ ہم پر حکومت کرنے والے لوگ ہماری برائیوں کو چیک نہیں کرسکتے اور کیوں نہیں کرسکتے - میں اس کے لئے بڑے ادب سے جناب چیئرمین کہوں گا کہ کوئی بھی حکومت کسی ادارے کو یا بیورو کریسی کو برائیوں سے تب روک سکتی ہے کہ جب خود بیورو کریسی سے برائیاں نہ کرائے یا ان کی برائیوں میں ملوث نہ ہو -

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین:</u> میرے خیال میں آپ track سے اتر رہے ہیں -

<u>جناب زمرد حسین:</u> میں جناب والا! میں آپ کو بتا رہا ہوں -

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین:</u> آپ inefficiency پر بحث کریں آپ تو basic policy پر بحث کررہے نہیں .

<u>جناب زمرد حسین:</u> جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ جب واپڈا کی نا اہلی زیر بحث آئیگی تو نا اہلی پر بہر حال روشنی ڈالنی پڑیگی کہ نا اہلی کا نتیجہ کیا ہے جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس ملک کے وزیراعظم اس پر مایوسی کا اظہار کرتے ہیں- جب میں کہتا ہوں کہ ہر صوبے کا Chief Minister اس پر مایوسی کا اظہار کرتا ہے -

**Syed Qaim Ali Shah :** On a point of order, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes.

**Syed Qaim Ali Shah :** My friend is repeating the same thing again and given, I think, he has not given any effects and figures with regard to the inefficiency or corruption of WAPDA. He is generally speaking on the whole on WAPDA. As your honour has rightly pointed out, he should confine himself to the particular point under discussion of the House.

**Mr. Deputy Chairman :** I think, he has consumed his time. I am giving him another minute to conclude.

جناب زمرد حسین: جناب! میں نے پہلے کہا تھا کہ میں صرف بلوچستان پر بولوں گا ۔ جہاں تک figures کا تعلق ہے ۔ میرے senior ساتھی خواجہ محمد صفدر نے پنجاب پر figures کی بات کی ہے میں figu es نہیں دوں گا اور میں صرف بلوچستان پر برلوں گا ۔ بلوچستان میں figures available نہیں ہیں ۔ بلوچستان میں کوئی figures ہی نہیں جنہیں میں پیش کروں ۔ محترم وزیر صاحب جب آپ واپڈا کو بلوچستان میں figures پیدا کرنے کے لئے کہیں گے ۔ وہاں بلوچستان میں figures ہوں گے تو میں یقیناً figures پر بولوں گا ۔ میں نے تو یہ کہا ہے کہ گذشتہ دو سال میں واپڈا نے بلوچستان میں کوئی کام ہی نہیں کیا ۔ منسٹر صاحب بتائیں مجھے کہ کیا کام کیا ہے ۔ میں کس کس figures کی بات کروں ، کوئی figure موجود نہیں بلوچستان کے لئے کہ میں کہوں کہ figures وجود نہیں میں نے صرف یہ کہا ہے کہ آپ ligh دیتے ہیں ۔ بجلی کے connection دیتے ہیں ، کیا کرتے ہیں کہتے ہیں کہ بجلی ہمارے پاس پیدا نہیں ہوتی اور جب کوئی آدمی آپ کو پانچ ہزار روپے دکھاتا ہے تو آپ اس کو connection دے دیتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہے کہ بجلی کی sapply جو ہے ۔ وہ تسلی بخش نہیں ہوتی اور اس سلسلے میں light کے سلسلے میں سارے بلوچستان کے لوگوں کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔ میں آپ کے توسط سے متعلقہ وزیر صاحب سے کہوں گا کہ میرے محترم دوست مین نے آپ کو بتایا ہے کہ میں بلوچستان کی بات کروں گا اور جوں جوں آپ یا آپ کے واپڈا والے بلوچستان میں کوئی کام کریں گے کوئی figures بنائیں گے۔ تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں figu es کے ساتھ آپ کے پاس آؤں گا اور آپ کو بتاؤں گا کہ آپ کی اور اپ کے واپڈا کی نا اہلی کا جو عالم ہے وہ یہ ہے ۔ جناب والا! ان باتوں کے بعد اپنی تقریر ختم کروں گا اور ایک اور بات عرض کروں گا جیسا کہ میں نے پہلے آپ سے عرض کیا ہے کہ جب تک حکمران لوگ خود ان بیورو کریٹس سے غلط کام نہیں کرائیں گے ان کو واقعی خوف پیدا نہیں کریں گے کہ ان کو واقعی ختم کیا جاسکتا ہے اس وقت تک یہ درست نہیں ہوں گے ۔

**Mr. Deputy Chairman** : Malik Mohammad Akhtar.

**Malik Mohammad Akhtar** : Mr. Chairman, Sir, I have very patiently heard Khawaja Mohammad Safdar Sahib. May I remind that even in Budget Session on Cut Motions, specific matters are discussed. And you have been kind enough to point out to him, which was in my mind and I need not repeat, that he has widened the scope of the debate to an extent that it needs over a month to answer each and every question raised by him, whereas I have got hardly ten minutes' time at my disposal to state certain measures adopted by the present Government to undo the wrong and to remove the curruption and inefficiency from this Department.

Mr. Chairman, Sir, I will state that during the Constitution making it was felt that we should decentralise many of the departments. We are constituting the first Senate and Inshallah there will be second Senate when the next General Elections are held, and the composition of the Senate is such that the Provincial Assemblies are electing 10 members from each Province, three members are being elected from Tribal Areas by the members of the National Assembly and two from the Federally administered areas, where we are sitting now. We have given them a right of circitism under the Constitution. The Constitution Committee, the National Assembly, gave all these subjects in Part II of the Concurrent Legislative List, so that they could be debated and the views of the public representatives of all the four Provinces could be incorporated in the efficient running of these Departments. Sir, the reference is at Page 171, Part II, Federal Legislative List, item No.3 :-

> "3.........immediately before the commencing day, including the West Pakistan Water and Power Development Authority,........"

So, Sir, the legislation can be done in this respect and criticism could be done, and as such the present House is very successfully giving sharp criticism to the efficient running of this Department. This is the first achievement of this Government to make this subject a part of Part II of the Federal Legislative List.

**Mr. Zamarud Hussain** : Point of Order, Sir.

محترم وزیر مملکت صاحب constitution پر تقریر کر رہے ہیں یا واپڈا کی اس روش پر تقریر فرما رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر: کلیجہ تھام کے بیٹھو ہماری باری ہے -

جناب زمرد حسین: واپڈا پر بولیں - یہ تو constitution پر بول رہے ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین: issue پر تو کوئی شخص نہیں بولا تو پھر ان پر کیوں پابندی ہو یہ تو minister ہیں -

**Malik Mohammad Akhtar** : Now Sir, I would refer you to Article 157(2) of the Constitution, which is regarding Electricity. It says :-

> "(2) The Government of a Province may :
>
> (d) determine the tariff for distribution of electricity. within the Province.'

In another provision it has been provided thatdistribution within the Province is to be made by the Provincial Government. I have made this reference because my friend was saying that certain tube-wells are not being electrified. So Sir, I am relevant because I am defending the present Government's attitude towards the distribution of electric supply that it has made it so liberal a subject that it could be discussed in either of the House of the parliament and the duly elected public representatives could have more probe in that matter.

Then Sir, I would like totake the hon'ble Members as back as the 10th of August, 1972, when it was actually felt that there was actually corruption, malpractices and inefficiency in WAPDA. Now, what measures were taken in this respect? I would like to state that a high powered committee was formed. In order to support this I would read out the names of the members because I can't defend each and every allegation that is made before the House but I can discuss the overall policy of the present Government in respect of WAPDA.

COMPOSITION:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr. G. Ahmad | Chairman |
| 2. | Mr. M. A. Majid, former Finance Secretary. | Member |
| 3 | Mr. A. Rashid Kazi, Chief Engineering Advisor, Ministry of FP&NR. | " |
| 4. | Mr. Ghulam Yazdani Khan Member (Finance), WAPDA | " |
| 5. | Mr. Ghulam Sadiq Khan, former Chief Engineer, WAPDA | " |
| 6. | Mr. Habib Ahmad, Additional Chief Engineer, KESC | " |
| 7. | Mr. Yousuf Bhaimia, Chartered Accountant, Fergusson & Co., Karachi | " |

Sir, the Committee looked into terms of the reference which was entrusted to it and they made certain suggestions that the system should be so rectified that there are no frequent faults, and the pilferage of the electricity should be stopped. The Committee also recommended that the Peoples' Government should also be allowed to look into these affairs. As regards the corruption, it was decided that a high powered Anti-corruption Police Department be established within WAPDA, and it was also recommended that the Standing Parliamentary Committee be formed to look into the affairs of the WAPDA. Sir, I consider to the extent that my Hon'ble and learned friend has tried to makeaveryvide scope of his criticism but I am supported by the Constitution that the Government doesn't intend to hide anything from the public representatives. Of course these two institutions, I say the Senate, the Upper House and the National Assembly are the most highly powered authorities and forum. They are at liberty and they are authorised under the constitution to look into these affairs. So, coming back to this committee again I should say that the Cabinet had considered the report of the committee formed in August, 1972 in its meeting held in April, 1973 and approved its recommendations in respect of eradication of inefficiency and corruption from

WAPDA. Sir, due care was taken that maladministration and all these thefts of electricity which have been repeatedly mentioned by my Hon'ble and learned friends there should be eradicated. In this respect I would to like state that a Special Police Establishment along with other departmental committees was set up to look into these affairs. Then Sir, the second point which has been emphasised by my learned friend who has just gone out rather I would say disappeared and he should have been here to hear me while I am referring Article 157. May I repeat it for the benefit of my friend. Even earlier than the Consitution was promulgated this committee had recommended that the distribution should be given and entrusted to the Provinces and in accordance with this advice which the Government took serious note of, the distribution has been handed over to the Provinces to a very great extent. That was the major point which my Honble friend Khawaja Mohammad Safdar was raising that the distribution of electcity is not being made and it is not sufficient. Now all the Provinces can look forward and they can make demands and we have decided that where there are power houses... (supposing there are certain power houses in 'A' or in NWFP) NWFP shall get preference in supply of electricity after electricity has been supplied to the major Government units in respect of electricity used by NWFP province and similarly in respect of other Provinces. Now Sir, to sum up ......

**Mr. Deputy Chairman :** Malik Sahib, please sum up your arguments because you have already consumed thirteen minutes.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, two minutes more. To sum up what I have said I would like to say that it is emphatically denied that the present Government is not aware and is not taking proper steps to eradicate corruption and inefficiency from WAPDA and in my support I have quoted just one or two paragraphs from the report of the committee which was formed as early as August, 1972 and some decisions were implemented under the orders of the Cabinet in April, 1973. Secondly Sir, we have decentralised the distribution of power as such my friend should be satisfied. Sir, we have not got Allah Din's Lamp. We can't rectify the wrongs of the past Governments in a day. We are trying to eradicate the evils but it is to be done after all steadily and gradually in the manner which is acceptable, which is workable and which is natural but with the fullest speed and with all the resources at our command. We are trying to undo the wrongs and it is incorrect, I again repeat that the allegations are incorrect. This is a baby of the old politicians and not of the present Government.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Mohammad Zaman Khan.

جناب محمد زمان خان: جناب والا! بلوچستان کا دارومدار زراعت پر ہے۔ اس سال خشک سالی کی وجہ سے علاقہ خشک ہوگیا ہے - اسلئے زمین سے پانی کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے ضلع کوئٹہ کی سب ڈویژن پشین میں ، بڑی تعداد میں ٹیوب ویل اور اوپن سرکٹ ویل نصب کئے گئے ہیں -

( اس موقع پر جناب چیئرمین- جناب ڈپٹی چیئرمین کی جگہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے )

جناب محمد زمان خان: جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ سب ڈویژن پشین میں بڑی تعداد میں ٹیوب ویل اور اوپن سرکٹ ویل نصب کئے گئے ہیں - ٹیوب ویل روز بروز ڈیزل آئل، سوبل آئلز کے گران ہونے کی وجہ سے بند اور خراب ہوگئے ہیں - چند سال قبل وہاں کے زمینداروں کے لئے گلستان

قلعہ بلا اور سیوزہ فارم بھی بنے اور ان کے متعلق جو شرائط تھیں ، ان پر بھی دستخط کردئیے - لیکن واپڈا والوں نے اس وجہ سے بجلی مہیا نہیں کی کہ ان کو پیسے نہیں دئیے اور دوسرے علاقوں میں بجلی فراہم کردی ، جنہوں نے پیسے دئیے تھے - اب اس وقت پتہ چلا ہے کہ گلستان ، قلعہ بلا سیوزہ فارم کی طرف بھی بجلی لائی جارہی ہے اور وپڈا والے بجلی کے ایک کنکشن کے لئے پیشگی تین چار ہزار روپے لے رہے ہیں اور بعض جگہ دس دس ہزار روپے لے رہے ہیں - جناب والا سب ڈویزن پشین کی یہ حالت ہے -

معزز ممبران: رشوت لیتے ہیں ؟

جناب حاجی محمد زمان خان: ہاں باقاعدہ رشوت لیتے ہیں- جناب والا ! ضلع گلستان ، قلعہ بلا پشین میں اب جو بجلی آئیگی - پچھلی دفعہ میں نے اسکے متعلق question کیا تھا - مجھے بتایا گیا تھا - کہ وہاں بجلی مہیا کی جارہی ہے - اس وقت وہاں جو افسران مقرر ہیں ، وہ ایک ایک کنکشن کے لئے پیشگی چار چار ہزار روپے لے رہے ہیں - سب ڈویزن پشین جسکا دارومدار ہی صرف زراعت پر ہے- وہاں پر اتنے کنکشن دئیے گئے ہیں - کہ وہ سب ٹیوب ویلوں کو بھی بجلی مہیا نہیں کرسکتے گرمیوں میں جب کاشت کا موسم ہوتا ہے - تو وہ بارہ گھنٹے ایک اور بارہ گھنٹے دوسری طرف بجلی کی سپلائی کرتے ہیں - اور اس طریقے سے زراعت کی معیشت متاثر ہو رہی ہے - اور بعض اوقات تو وہ گرمیوں میں بجلی کاٹ دیتے ہیں - اور جب تک آنکو پیسے نہ ملیں - بجلی نہیں دیتے - اس طرح لاکھوں روپے کا نقصان ہو جاتا ہے - اب کوئٹہ شہر کی یہ حالت ہے - کہ پہلے وہاں ایک کمپنی بجلی مہیا کرتی تھی - لیکن اب وہ بھی واپڈا نے اپنے ہاتھ میں لے لی ہے - اور وہاں پر اکثر بجلی مہیا نہیں کی جاتی- میں نے اپنے گھر میں بھی لگوانی تھی - تو پندرہ بیس دن کی تگ ودو کے بعد انہوں نے کنکشن تو دے دیا ہے لیکن - دو مہینے ہوگئے ہیں - اور وہ ابھی تک incomplete پڑی ہوئی ہے اور غلط کام بے شمار ہو رہے ہیں- میں ایک واقعہ آپکو بتاتا ہوں کہ ایک مکان سے دوسرے مکان تک بجلی مالک کی اجازت کے بغیر نہیں پہنچائی جاسکتی - لیکن میرے مکان سے میرے کرائے دار کو میری اجازت کے بغیر ایک دوسرے مکان سے بجلی دی گئی ہے - میں نے اسکے خلاف احتجاج کیا - لیکن آج تک کاروائی نہیں کی گئی- میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** Thank you. No amendment has been moved.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, Sir.

**Malik Mohammad Akhtar :** We need not move an amendment. It has been talked out.

**Mr. Chairman :** Jamali Sahib, would you like to say something?

جناب تاج محمد جمالی: ہاں تھوڑا بہت

جناب چیئرمین: تھوڑا بہت

خواجہ محمد صفدر: ان سے پہلے میری باری ہے -

**Mr. Chairman :** No. no. But you have got a right of reply.

وہ پہلے بولیں گے -

خواجہ محمد صفدر: وزیر صاحب میرے بعد بولیں گے -

**Mr. Chairman :** Is he Incharge of the WAPDA.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I am sure that he is Incharge of this white elephant.

جناب چیئرمین: آپ نے خود ہی موشن move کیا ہے -

I want to know whether you should be the last or he should be the last.

**Khawaja Mohammad Safdar :** He will be the last. But before him I will have the right to reply.

جناب چیئرمین: پھر ایسا کیجئے جمالی صاحب- انہیں پہلے بولنے دیں اور اسکے بعد آپ جواب دیں - یعنی آپ نے ختم کرنا ہے -

Then you will wind up.

جناب تاج محمد جمالی: یہ پہلے بول لیں -

خواجہ محمد صفدر: آپکی باری آخر میں آئے گی -

Under rule 199 (3) :

"A member who has made a motion may speak by way of reply, and if the motion has been made by a private member, the Minister concerned may speak after the mover has replied".

تو میرے بعد محترم وزیر صاحب تقریر کریں گے - جناب والا! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا -

جناب چیئرمین: آپکا مقصد تو پورا ہوگیا ہے -

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! میرے محترم دوست اور واجب الاحترام وزیر مملکت برائے قانون اور پارلیمانی امور اپنا سارا زور بیان اس بات پر صرف کر دیا ہے - کہ یہ ہماری ذمہ داری نہیں ہے - یہ سابقہ لوگوں کی پیدا کردہ خرابیاں ہیں - ہم تو صرف ان خرابیوں کو دور کررہے ہیں - مجھے معلوم نہیں - کہ آنکو یہ خرابیاں دور کرنے کیلئے ایک صدی چاہئے - یا دو صدیاں چاہییں - یا کتنے سال چاہئیں - تین سال سے ہم بھی یہی سنتے آرہے ہیں - کہ

ہم خرابیوں کو دور کررہے ہیں - جو پہلی حکومتوں نے پیدا کی تھیں - اور جو انہوں نے پیدا کی ہیں - وہ پتہ نہیں کون آکر دور کرے گا ؟

معزز ممبران: وہ آپ دور کریں گے -

خواجہ محمد صفدر: میں تو اپنے اپکو اس قابل نہیں سمجھتا۔ جناب والا! بہرحال جو خامیاں میں نے آپکے توسط سے اس ایوان کے سامنے پیش کیں ہیں۔ آن کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی - اور ان سے میں سمجھتا ہوں - کہ وہ ساری خامیاں محترم وزراء صاحبان نے قبول فرمالی ہیں -

**Malik Mohammad Akhtar :** On a point of order, Sir. They have not been conceded. That is a misstatement of facts.

**Mr. Chairman :** This is not a point of order. This is a contradiction.

مجھے right تو نہیں ہے - میں یہی کہہ سکتا ہوں -

This is a point of contradiction.

**Malik Mohammad Akhtar :** All right, Sir. If you presume that.

**Mr. Chairman :** You are old friend.

**Malik Mohammad Akhtar :** But, sir, we are all three friends. Don't deprive us of your friendship privilege.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** He is not your friend. He is impartial.

**Malik Mohammad Akhtar :** But friendship is there. Although he is a judge but friendship is there.

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! میں محترم وزیر صاحب کی توجہ اس annual plan کی طرف دلاتا ہوں - جو آنکی حکومت نے سال رواں کیلئے شائع کیا ہے - آنکی توجہ اسکے صفحہ نمبر 147 کی طرف دلانا چاہتا ہوں -

جناب چیئرمین: یہ کونسی کتاب ہے ؟

خواجہ محمد صفدر: یہ آپکے پاس نہیں ہوگی -

جناب چیئرمین: اچھا پڑھئے -

خواجہ محمد صفدر: اسمیں انہوں نے اس بات کا اقرار کیا ہے - میں نے خصوصیت کے ساتھ یہ پوائنٹ دوبارہ عرض کیا ہے - کیونکہ میں یہ جواب ماننے کیلئے تیار نہیں ہوں - کہ اس سال چونکہ دریاؤں میں پانی کم ہوگیا ہے - اسلئے بجلی کم ملے گی - یا c isis ہوگیا ہے - کیونکہ یہ crisis توسال بہ سال متواتر سے چلا آرہا ہے - پہلے اس بات کا جواب دیں - کہ چلو اس سال تو پانی کم ہوگیا - تو یہ خدا کی مرضی ہے - اسمیں انکا زیادہ قصور

نہیں ہے۔ اگرچہ بہت حد تک ان کی ذمہ داری ہے لیکن پچھلے سال کیا تھا۔ پچھلے سال یہاں ضرورت سے زیادہ پانی تھا ۔ لیکن اسکے متعلق بھی جناب حکومت کے عمال فرماتے ہیں ۔

"Hydro-generation during 1973-74: Hydero-generation during 1973-74 fell below the level reached in 1972-73. For 1974-75 an increase of 70% over 1973-74 has been provided. This is feasible given installed capacity and average year water availability plus removal of transmission/transformation bottlenecks and improvements in WAPDA's load despatching procedures".

ذرا غور فرمائیے ۔ جناب والا! اتنی "ifs" لگادی ہیں ۔ کہ نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی" فرماتے ہیں ۔ کہ ہم بجلی کی پیداوار میں اضافہ کرسکتے ہیں ۔ بشر طیکہ installed capacity میں اضافہ کیا جائے ۔ کون نہیں کہتا ۔ کہ آپ اضافہ نہ کریں average year water supply یہ ہو ۔ کہ پانی بدستور آرہا ہے ۔ ٹرانمیشن جو انہوں نے خود ہی درست کرنی ہے۔ اور trans formation بجلی کی ترسیل میں جو دقتیں ہیں ۔ یہ خود انہوں نے رفع کرنی bottleneks ہیں ۔ وہ بھی یہ کہتے ہیں ۔ کہ کوئی اور آکر ٹھیک کردے ۔

and improvements in WAPDA's load despatching procedures.

یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ بجلی پہنچانے کے طریقہ میں اگر اصلاح ہو ۔ تو تب جاکر آیندہ سال گذشتہ سال سے زیادہ بجلی پیدا ہوگی ۔ جتنی بجلی کی ضرورت ہے۔ لیکن اب تو اسکا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اس سال تو پچھلے سال جتنی بجلی پیدا نہیں ہوگی ۔ اسلئے جناب والا میری گذارش یہ ہے ۔ کہ واپڈا کے ان کارپردازوں نے ہمارے ملک کی بربادی کا جو سامان پیدا کیا ہے۔ انکی خدمت میں کچھ نہ کچھ گذارش تو حکومت کو بھی کرنی چاہیئے ۔ کچھ تو انکے کان کھینچنے چاہئیں کچھ تو انکی سرزنش ہونی چاہئے ۔ میں نہایت ادب سے محترم وزراء صاحبان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ یہاں آکر اگر محض اس بناء پر کہ ایک تجویز اپوزیشن کے رکن کی طرف سے آئی ہے ۔ اور انہوں نے اسکی مخالفت کرنی درست اور جائز سمجھنی ہے ۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اس طرح کسی محکمہ میں کوئی اصلاح نہیں ہوگی ۔

کیا یہ امر واقع نہیں ہے ۔ کہ واپڈا کے متعلق جو وزیراعظم صاحب نے اپنے حالیہ سندھ کے دورہ کے دوران ایک بیان دیا تھا کہ میں واپڈا کو توڑ دونگا ، آگ لگا دونگا اگر وپڈا کے افسر درست نہ ہوئے ۔" کیا یہ درست نہیں ہیں ؟ ہر روز کوئی نہ کوئی وزیر واپڈا کا رونا روتا ہے ۔ جناب والا! اگر کسی سے کوئی بڑی فاش غلطی ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ اسے واپڈا ہوگیا ہے یعنی اب یہ محاورہ تک نوبت آپہنچی ہے تو اس کے بعد اگر کوئی میرے

جیسا کم فہم آدمی یا میرے جیسا کوئی نادان آدمی محترم وزرا صاحبان کی توجہ کسی امر کی جانب دلاتا ہے تو محض اس لئے کہ ایوان کی بائیں طرف سے توجہ دلائی گئی ہے اسکی مخالفت شروع کردی جاتی ہے ۔ اب تو آپ کے زعماء اور آپکے رہنما بار بار واپڈا کے افسروں کی واشگاف الفاظ میں مزمت کرتے رہتے ہیں جیسا کہ محترم وزیراعظم صاحب نے کہا اب تو ان کی پردہ پوشی کرنا چھوڑ دی جائے ۔ حکومت جب تک ان کی پردہ پوشی کرنا نہیں چھوڑے گی یہ محکمہ نا درست ہی رہیگا ۔

Mr. Chairman : Thank you.

**جناب تاج محمد خان جمالی:** جناب چیئرمین صاحب و معزز حاضرین : خواجہ صفدر صاحب نے جو یہ موشن پیش کی ہے یہ ایک حقیقت ہے اس سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ انکار نہیں ہے اور اتفاق سے واپڈا کا مسئلہ گذشتہ حکومتوں سے چلا آرہا ہے ۔ جس وقت موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا ، ملک متعدد مسائل سے دو چار تھا جنکو حل کرنا تھا اور اپ نے دیکھا کہ رفتہ رفتہ ایک ایک کرکے وہ تمام کے تمام مسائل حل ہوتے جارہے ہیں ---

**جناب محمد ہاشم غلزئی:** کوئی مسئلہ حل نہیں ہوا ۔

**جناب تاج محمد خان جمالی:** یہ تو پھر حقیقت سے انکار کرنے والی بات ہے ۔ آپ کہہ دیں گے کہ اج سورج بھی نہیں نکلا ۔

**خواجہ محمد صفدر:** ہم نے اپنی بات کہہ دی آپ اپنی کہیں ۔

**جناب تاج محمد جمالی:** وزیراعظم صاحب نے بھی واپڈا کو سفید ہاتھی کا لقب دیا ہے اور نا خوش ہیں ، ہم عوام بھی نا خوش ہیں ۔ لیکن واپڈا کی کچھ اپنی بھی تکالیف ہیں جنہیں دور کرنا چاہئے تھا لیکن اب بڑھتے بڑھتے اتنی بڑھ گئی ہیں ۔ گذشتہ سال سیلاب کی وجہ سے ہم ان کو اتنا فنڈ بھی نہیں دے سکے ۔ سیلاب کی وجہ سے اور تیل کی قیمت میں اضافہ کی وجہ سے مہنگائی بڑھ گئی ہے اور تمام چیزیں transmission lines ہوں یا transformers ہوں تمام مہنگے ہوگئے ہیں ۔ جو اخراجات واپڈا کے پہلے تھے وہ اب نہیں رہے اور واپڈا کے اخراجات پورے نہیں کرسکے ۔ تو جناب والا اس کے ساتھ ساتھ ایک کمیٹی بنائی ہے جس نے اپنی تجاویز دی ہیں ۔ اس کیلئے پیرا 6 پڑھکر سنا دیتا ہوں:

"6. WAPDA itself is also fully alive to widespread corruption and inefficiency in the Organization. The Authority has under it a Directorate of Complaints and Investigations and an office of Directorate-General Inquiries. While the former is headed by a senior Police Officer supported by a number of officers who are on deputation from the Police Department, the latter is headed by a senior retired officer. The functions of these offices are to conduct preliminary investigations in respect of complaints made by the general public against officials of WAPDA. All such complaints are investigated and reports about them are submitted to the Authority for taking appropriate action against the officers concerned departmentally or by registering cases with the Police. Very recently

WAPDA has set up Scrutiny Committees for reviewing the cases of all Government Servants and WAPDA employees belonging to the various categories up to the level of Chief Engineers/General Managers, and making recommendations for taking appropriate actions against them".

تو اس سے یہی مسئلہ آتا ہے جناب والا! کہ حکومت بھی اس محکمہ سے خوش نہیں ہے اور ہم لوگ بھی دن رات اس میں کوشاں ہیں ۔ عوام کے احساسات جو خواجہ صاحب نے پیش کردیے ہیں، ہمیں ان کا پورا پورا احساس ہے اور میں اپنی طرف سے یقین دلاتا ہوں۔ کہ عوام کی تکالیف کو دور کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے ۔ جہاں ہم نے بھی کمیٹی بنائی ہے اس مسئلہ کو حل کرنے کیلئے اگر اپوزیشن کی بھی اس میں تجاویز آجائیں تو ہم سب سلکر اس مسئلہ کو حل کرلیں گے ۔ اس محکمہ میں بہت سلازمین ہیں اور ان میں سے کچھ سلازمین نے اچھے کارنامے بھی انجام دیئے ہیں ۔ حالات واقعات جو کچھ بھی ہیں اپوزیشن ، سرکاری محکمہ یا کمیٹی میں ان کو اعداد شمار کے ساتھ پیش کرنے کیلئے بالکل تیار ہیں ۔

**Khwaja Mohammad Safdar:** Thank you.

جناب تاج محمد خان جمالی: اس کے علاوہ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ بجلی کی distribution کا جو معاملہ ہے یہ ہم صوبوں کو تقسیم کردیں اور واپڈا کو اس میں کوئی انکار نہیں ہے ۔ لیکن دراصل بات یہ ہے کہ صوبہ والے شکایات تو کرتے ہیں لیکن وہ اسکی ذمہ داری کو سنبھالنے کیلئے تیار نہیں ہوتے یہ جو کہا گیا ہے کہ پنجاب میں لاکھوں درخواستیں ہیں connection کی تو اس کیلئے ہم نے ایک آرڈر دے دیا ہے ۔ کہ جنکی موٹریں فٹ ہیں ، جنکا connection تیار ہو یا جہاں transfarmers پہنچ گئے ہیں وہاں بہت جلد بجلی پہنچائی جائے تاکہ فصل ربیع خراب نہ ہو۔ اور جہاں تک بلوچستان کا مسئلہ ہے وہ تو میرا اپنا مسئلہ ہے بلوچستان کی عوام کیلئے ہماری ministry کے دروازے کھلے ہوئے ہیں جب بھی کوئی شکائت لیکر آئے ہم اس شکائت کو دور کرنے کی پوری کوشش کریں گے ان تمام بد عنوانیوں کو ختم کرنے کیلئے گورنمنٹ دن رات کوشاں ہے اور ہمیں بھی احساس ہے عوام کی تکالیف کا تو میں نہیں سمجھتا کہ اس موشن کو move کیا جائے ۔

**Mr. Chairman:** That is not to be put to vote. This has been talked out. Do you all agree? This has been talked out. Nothing more. I don't see any difference between the two positions of the opposition and the Government. There is corruption and inefficiency, and efforts are to be made to remove this. That is what they want you to do.

I think today is Friday and now it is 12.40 p. m. There is no other business to transact. So the House stands adjourned to reasemble tomorrow at 10.00 a.m.

---

The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Saturday, November 23, 1974.